روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
# الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

بدھ 18 مئی 2005ء 9 ربیع الثانی 1426 ہجری 18 ہجرت 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 109

## آپ کا قبیلہ بہتر ہے

حضرت نعیم النحامؓ اپنے قبیلہ بنوعدی کی بیواؤں اور یتیموں کی بڑی توجہ سے پرورش کرتے تھے۔ جب انہوں نے قبول اسلام کے بعد ہجرت کا ارادہ کیا تو ان کے قبیلہ نے ان کی خدمات کوخراج تحسین پیش کرتے ہوئے حفاظت کا یقین دلایا اور وہ ہجرت نہ کر سکے۔ 6ھ میں وہ مدینہ پہنچے تو رسول اللہؐ نے ان سے فرمایا تمہارا قبیلہ میرے قبیلہ سے بہتر تھا۔ جس نے تمہیں نکالا نہیں۔ انہوں نے عرض کی آپ کا قبیلہ بہتر تھا اس نے آپ کو ہجرت پر آمادہ کیا مگر میری قوم نے مجھے اس شرف سے محروم رکھا۔

(اسد الغابہ جلد5ص:32)

# سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ کینیا 5

## کینیا کی نیشنل عاملہ اور ذیلی تنظیموں کی مجالس عاملہ کو اہم ہدایات

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب

### 3 مئی 2005ء

نماز فجر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے احمدیہ بیت الذکر نیروبی میں پڑھائی۔ صبح حضور انور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی۔ پروگرام کے مطابق دس بجے صبح نیشنل مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ کینیا کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ میٹنگ کا آغاز ہوا۔ حضور انور نے دعا کروائی۔ اس کے بعد مجلس عاملہ کے ممبران کا تعارف شروع ہوا۔ اس ملک میں صدر کو چیئرمین کہتے ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ہدایت فرمائی کہ ٹرمنالوجی وہی استعمال ہوگی جو کانسٹی ٹیوشن میں ہے۔ صدر صدر ہوگا اگر کسی وجہ سے چیئرمین لکھنا ہے تو ساتھ بریکٹ میں لکھیں۔ اسی طرح جو صوبائی / ریجنل قائد ہیں وہ قائد علاقہ کہلائیں گے پھر ضلع کی مجالس ہیں، لوکل قائد ہیں۔ پھر آگے حلقہ جات ہیں، زعیم ہوتے ہیں اور پھر ان کے تحت سائقین کا نظام ہے۔ حضور انور نے بڑی تفصیل کے ساتھ خدام الاحمدیہ کا یہ سارا نظام ان کو سمجھایا۔

صدر صاحب نے بتایا کہ تین صد سے زائد جماعتوں میں قائدین موجود ہیں۔ اس پر حضور انور نے فرمایا کہ جو جماعتی نظام ہے اس کے تحت جماعتیں ہوتی ہیں لیکن ذیلی تنظیموں میں جماعتوں کی بجائے مجالس کا لفظ استعمال ہوتا ہے اس لئے آئندہ سے مجالس کا لفظ استعمال کریں۔

حضور انور نے فرمایا کہ معتمد کا یہ کام ہے کہ دفتر کا انتظام سنبھالتا ہے۔ دوسرے معنوں میں اس کا کام ایک جنرل سیکرٹری کا ہے۔ فرمایا روزمرہ کے کام کرنا، مجالس سے ماہانہ رپورٹس لینا، ان کو بار بار یاددہانی کروانا اور ہر کام کو Up Date رکھنا یہ معتمد کی ذمہ داری ہے۔ حضور انور نے بڑی تفصیل کے ساتھ معتمد کو اس کی ذمہ داری کی طرف توجہ دلائی۔

حضور انور نے فرمایا کہ صدر، معتمد اور سب مہتممین کا مجالس کے قائدین سے ذاتی رابطہ ہونا چاہئے۔ جب تک آپ کا رابطہ گراس روٹ لیول پر نہ ہو اور آپ کو صورتحال کا پوری طرح علم نہ ہو آپ کوئی پروگرام بنا نہیں سکتے۔ کوئی فیصلہ نہیں کر سکتے۔

حضور انور نے صدر مجلس خدام الاحمدیہ کو توجہ دلائی کہ آپ براہ راست خلیفۃ المسیح کو رپورٹ دینے کے پابند ہیں۔ ذیلی تنظیمیں براہ راست خلیفۃ المسیح کے ماتحت ہیں۔ آپ کی طرف سے ماہانہ رپورٹ آنی چاہئے۔ یہ نہیں کہ اکٹھی دو چار ماہ کی یا اکٹھی سال کی بھجوا دی۔ یہ طریق غلط ہے۔ فرمایا رپورٹس میں نمازوں کے بارہ میں، چندہ کے بارہ میں، قرآن کریم ناظرہ اور ترجمہ پڑھنے کے لحاظ سے اور دوسرے تعلیمی و تربیتی پروگراموں اور اجلاسات کا ذکر ہونا چاہئے۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ ہر قائد کو علم ہونا چاہئے کہ اس کے تحت کتنے خدام ہیں اور کہاں رہتے ہیں۔ اس کی اپنی تجنید ہر لحاظ سے مکمل ہونی چاہئے۔

صدر صاحب نے بتایا کہ پہلے بارہ ریجنز میں خدام الاحمدیہ کا اجتماع ہوتا ہے۔ پھر سالانہ اجتماع ہوتا ہے۔ اس پر حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ کیا آپ کے اجتماعات میں نئے چہرے بھی شامل ہوتے ہیں۔ یہ جائزہ لیا کریں، ہر اجتماع میں کتنے نئے لوگ آئے ہیں۔ اپنے اجتماعات میں نومبائع خدام کو شامل کریں۔ پھر حضور انور نے ماہانہ میٹنگ کے بارہ میں دریافت فرمایا اور اس بارہ میں ان کو توجہ دلائی۔

حضور انور نے صدر صاحب کو فرمایا آپ اپنے نائب صدر صاحب کے سپرد یہ خاص کام کریں کہ وہ تمام مجالس سے ماہانہ رپورٹس اکٹھی کریں اور وہ اس کے ذمہ دار ہوں، معتمد صاحب کے ذریعہ خطوط لکھوائیں اور بار بار یاددہانی کروائیں۔

حضور انور نے مجلس خدام الاحمدیہ کے چندوں کا بھی تفصیل سے جائزہ لیا اور فرمایا خدام کو مالی نظام میں شامل کرنا بے حد ضروری ہے۔ اور اس کے لئے بہت محنت کی ضرورت ہے۔ فرمایا اس لحاظ سے تو آپ کی کوشش کا ابھی آغاز ہے۔ فرمایا اس بارہ میں مجالس کو مہتمم مال کی طرف سے بار بار یاددہانی کے خطوط جانے چاہئیں۔ حضور انور نے ان کے بجٹ کا تفصیل سے جائزہ لیا اور فرمایا کہ آپ کی اس طرح رپورٹ تیار ہونی چاہئے کہ کمانے والے ممبرز کتنے ہیں اور کتنے ہیں جو طلبا ہیں اور کتنے ایسے ہیں جو کمانے والے نہیں ہیں۔ فرمایا سارے ملک میں سے یہ ڈیٹا (Data) اکٹھا کریں۔

فرمایا اگر با قاعدہ سنجیدگی سے کام کریں گے اور اس کام کے لئے وقت دیں گے تو آپ کا چندہ بہت بڑھ سکتا ہے۔

حضور انور نے مہتمم اصلاح و ارشاد کو ہدایت فرمائی کہ آپ سارے ملک کے لئے مہتمم ہیں اس لئے صرف کسی ایک شہر میں دعوت الی اللہ کے پروگرام نہیں بنانے بلکہ سارے ملک میں بنائیں۔ اس بارے میں سب قائدین مجالس کو Active کریں اور مسلسل رابطے رکھیں اور رپورٹس لیں اور خود بھی دوروں پر جائیں۔ ذاتی رابطہ رکھیں گے تو بہتر کام ہوگا۔

(باقی صفحہ 2 پر)

## حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطبہ جمعہ یوگنڈہ سے براہ راست

20 مئی 2005ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ ایم ٹی اے پر پاکستانی وقت کے مطابق 3:00 بجے دوپہر یوگنڈا سے براہ راست نشر کیا جائے گا۔ احباب نوٹ فرمالیں۔

## احباب دعائیں جاری رکھیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی والدہ ماجدہ حضرت صاحبزادی ناصرہ بیگم صاحبہ اہلیہ حضرت صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کے متعلق تازہ اطلاع یہ ہے کہ طبیعت آہستہ آہستہ بہتر ہو رہی ہے اور آپ ہسپتال سے گھر واپس آ گئی ہیں۔ لیکن کمزوری ابھی بھی بہت ہے۔ احباب دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اس بابرکت وجود کو محض اپنے فضل و کرم سے مکمل صحت یابی عطا فرمائے اور ہر آن اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ (آمین)

## الفضل خرید کر مطالعہ کریں

ترقی یافتہ ذرائع ابلاغ اور نشر واشاعت کے اس دور میں دنیا کی اقوام اور ممالک کے حالات و واقعات سے آگاہ رہنے اور ہر قسم کی معلومات حاصل کرنے میں بہت آسانی پیدا ہوگئی ہے۔ مادی ترقیات کی طرف بھاگتی اس دنیا میں لاتعداد اخبارات ورسائل اور دیگر ذرائع ابلاغ موجود ہیں۔ لیکن روزنامہ الفضل ان سب میں منفرد وممتاز حیثیت رکھتا ہے۔ جس کا اولین مقصد احباب جماعت کی دینی، تربیتی، تعلیمی اور اخلاقی پیاس کو بجھانا ہے یہ ایک ایسی روحانی نہر ہے جس سے ہر چھوٹا، بڑا، مرد اور عورت یکساں سیراب ہوتا ہے۔ اس لئے آپ نہ صرف خود اس کا مطالعہ کریں بلکہ اپنے قرب وجوار میں رہنے والے احمدی احباب کو بھی خرید کر پڑھنے کی ترغیب دیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو۔

حضور کا دورہ بقیہ از صفحہ 1

حضور انور نے مہتمم اشاعت کو جو خدام الاحمدیہ کا ماہانہ رسالہ ''خادم'' نکالتے ہیں ہدایت فرمائی کہ اپنے رسالہ کا آغاز قرآن کریم کی آیت اور اس کے ترجمہ اور تشریح سے کریں اور پھر اس کے بعد آنحضرت ﷺ کی حدیث مبارکہ ترجمہ اور تشریح کے ساتھ درج ہو۔ اور اس کے بعد حضرت اقدس مسیح موعود کا کوئی اقتباس دیا جائے۔ اس کے بعد خلیفہ وقت کے خطبہ جمعہ، تقریر سے کوئی حصہ لیا کریں۔ فرمایا مشعل راہ سے بھی اقتباس لے کر شائع کیا کریں۔

مہتمم صنعت و تجارت کو حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ ایسے خدام کی فہرست تیار کریں جو بیکار ہیں اور گھروں میں بیٹھے ہیں۔ ان کو کام میں Involve کریں۔ کوشش کر کے ان کو ابھی کام پر لگائیں۔ یہ نوجوان فارمنگ شروع کریں، اور مختلف نوعیت کے کام کریں۔ اس غرض کے لئے آپ کے بجٹ میں کچھ رقم مخصوص ہو اور یہ پروگرام ہو کہ بیکار خدام کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا ہے۔ فرمایا بیکاری ختم کئے بغیر آپ اپنے ملک کو اس لیول پر نہیں لاسکتے کہ آپ Independent ہوسکیں۔ امیر امیر تر ہو رہا ہے اور غریب غربت میں بڑھتا جا رہا ہے۔ آپس میں فاصلے بڑھ رہے ہیں اس لئے آپ کو اس سلسلہ میں بہت محنت کرنا ہوگی۔

مہتمم اطفال کو حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ بچوں کی تربیت کی طرف بہت توجہ دیں۔ جلسہ پر بچے آئے تھے لیکن نمازوں میں ان کی حالت ایسی نہیں تھی جو احمدیوں والی ہوتی ہے۔ اس لئے ان کو نماز سکھائیں اور باقاعدہ تربیت کریں اور اطفال کی تنظیم کا حصہ بنائیں۔ فرمایا اطفال کی تربیت پر بہت زیادہ توجہ دیں۔

شعبہ تعلیم و تربیت کے بارہ میں حضور انور نے فرمایا کہ یہ دونوں شعبے علیحدہ علیحدہ ہیں اس لئے ان کے علیحدہ علیحدہ مہتمم ہونے چاہئیں۔ حضور انور نے تعلیمی کلاسز، قرآن کریم کی کلاسز اور پھر نصاب مقرر کر کے امتحان لینے کی طرف توجہ دلائی۔ حضور انور نے فرمایا امتحان میں مجلس عاملہ کے تمام ممبران شامل ہوں۔

تربیت کے حوالہ سے حضور انور نے فرمایا کہ باقاعدہ سب مجالس میں تربیتی کلاسز ہونی چاہئیں۔ خدام کو قرآن کریم پڑھنا سکھایا جائے، نماز، اس کا ترجمہ سکھایا جائے، نمازوں کی ادائیگی کی طرف توجہ ہو اور قرآن کریم پڑھنے کی طرف توجہ ہو۔ دینی معلومات کا ان کو علم ہو۔ فرمایا اپنی تربیتی کلاسز میں مربیان اور معلمین سے بھی مدد لیا کریں۔

حضور انور نے مہتمم تجنید کو ہدایت فرمائی کہ اپنی تجنید مکمل کریں۔ اس سلسلہ میں بار بار قائدین کو یاددہانی کروائیں۔ تجنید کی تکمیل کے لئے مربیان، معلمین اور مستعد قائدین سے رابطہ کر کے ان کی بھی مدد لیں۔ یہ ریموٹ (Remote) ایریا میں جائیں اور Data اکٹھا کریں۔

شعبہ وقار عمل کو حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ تمام مجالس کے وقار عمل کی رپورٹ لیا کریں۔ بیوت الذکر اور اس کے اردگرد کے علاقہ میں صفائی ہو۔ دیہاتوں کی گلیوں کو بھی صاف کریں۔ حضور انور نے فرمایا کہ میں نے اپنے ایک خطبہ جمعہ میں بھی اس بارے میں ہدایات دی تھیں۔ فرمایا سب مجالس میں وقار عمل ہونے چاہئیں اور اس کی باقاعدہ رپورٹ لیا کریں۔

مہتمم صاحب صحت جسمانی کو حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ تمام مجالس میں خدام کے لئے کھیلوں کا انتظام ہونا چاہئے۔ یہ نہیں کہ صرف کسی ایک دو شہروں میں کھیلوں کی سہولیات حاصل ہوں۔ ہر مجلس کے خدام کے لئے کھیلوں کے پروگرام بنائیں اور پھر باقاعدہ اس کی رپورٹ لیا کریں۔

حضور انور نے فرمایا مہتمم عمومی کے لئے کسی ایسے خادم کو مقرر کریں جو اس کام کے لئے موزوں اور مناسب ہو۔ فرمایا ڈیوٹی لگانا، سیکیورٹی کا انتظام کرنا، جلسہ سالانہ پر سیکیورٹی کی ڈیوٹیز اور ایمرجنسی وغیرہ یہ سب شعبہ عمومی کے کام ہیں۔

حضور انور نے مہتمم امور طلبا اور مہتمم تحریک جدید مقرر کرنے کی بھی ہدایت فرمائی اور ان کے شعبوں اور کام کے بارہ میں تفصیل سے سمجھایا۔

حضور انور نے فرمایا اطفال الاحمدیہ کو وقف جدید کے نظام میں شامل کرنا مہتمم اطفال الاحمدیہ کا کام ہے۔ انہیں چاہئے کہ اس کا انتظام کریں اور اطفال کو چندہ وقف جدید کے نظام میں شامل کریں۔

حضور انور نے مجلس عاملہ کے ممبران کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا۔ اب پروگرام بنائیں اور مستعدی سے کام کریں۔ گزشتہ عرصہ میں جو کمیاں، خامیاں رہ گئی ہیں ان کو سامنے رکھیں اور دور کریں۔ اور اپنے کام کی باقاعدہ ہر ماہ مجھے رپورٹ بھجوائیں۔ حضور انور نے فرمایا کہ سکیم بنا کر کام ختم نہیں ہو جاتا بلکہ اس پر عملدرآمد کروانا ہوتا ہے اور وہ بھی معین مدت کے اندر جو اس غرض کے لئے مقرر کی گئی ہے۔

حضور انور نے فرمایا آپ اپنے سب قائدین کو Active کریں تو پھر آپ کا جو ٹارگٹ ہوگا وہ آپ حاصل کرلیں گے۔ اگر آپ کے قائدین گراس روٹ لیول سے Active نہ ہوں تو پھر آپ سب کچھ ضائع کردیں گے۔ اس لئے سائقین سے لے کر اوپر تک اپنے نظام کو مستعد اور مضبوط کریں اور فعال بنائیں۔

آخر پر حضور انور نے ممبران مجلس عاملہ کو خدام الاحمدیہ تنظیم کے اغراض و مقاصد کے بارہ میں تفصیل سے بتایا۔ حضور انور نے فرمایا اگر جماعتی نظام بھی مضبوط اور مستحکم ہو اور ذیلی تنظیمیں بھی مستعد اور فعال ہوں تو پھر جماعت کی ترقی غیر معمولی رفتار سے ہوگی۔ انشاء اللہ

گیارہ بجکر 55 منٹ پر یہ میٹنگ ختم ہوئی۔ آخر پر مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ کینیا کے ممبران نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔

بارہ بجکر پانچ منٹ پر نیشنل مجلس عاملہ لجنہ اماء اللہ کینیا کی حضور انور کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔ حضور انور نے باری باری تمام شعبوں کے کام کا جائزہ لیا اور آئندہ کے پروگراموں کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ حضور انور نے ہر شعبہ کے بارہ میں تفصیل سے جائزہ لے کر ہدایات سے نوازا۔

لجنہ کی یہ میٹنگ ڈیڑھ بجے تک جاری رہی۔

اس کے بعد حضور انور نے بیت احمدیہ نیروبی میں نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائیں۔ تین بجکر پینتیس منٹ پر نیشنل مجلس عاملہ انصاراللہ کی حضور انور ایدہ اللہ کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔ حضور انور نے دعا کروائی۔ اس کے بعد حضور انور نے مجلس عاملہ کے ممبران کے شعبوں اور ان کے کام کا تفصیل سے جائزہ لیا اور ساتھ ساتھ ہدایات سے نوازا۔

صدر مجلس انصاراللہ کے انتخاب کے طریق کار کے بارہ میں حضور انور نے ان کو سمجھایا اور تفصیل کے ساتھ ان کو بتایا کہ کس طرح صدر کا انتخاب ہوتا ہے۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ اپنی رپورٹس میں جماعتوں کی بجائے مجالس کا لفظ استعمال کیا کریں۔

حضور انور نے قائد عمومی کو ہدایت فرمائی کہ تمام مجالس سے رابطہ رکھنا، یاددہانیاں کروانا اور ان سے ماہانہ رپورٹس کا حصول اس شعبہ کی ذمہ داری ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ مجلس عاملہ براہ راست خلیفۃ المسیح کے ماتحت ہے۔ اس لئے آپ نے مجلس عاملہ انصاراللہ کی ماہانہ رپورٹ باقاعدگی سے خلیفۃ المسیح کو بھجوانی ہے۔ فرمایا رپورٹ باقاعدگی سے ہر ماہ بھجوائیں۔ یہ نہیں کہ چند ماہ کی اکٹھی بھجوادی یا سال کے بعد بھجوادی۔ یہ طریق درست نہیں ہے۔

حضور انور نے تمام قائدین کو ہدایت فرمائی کہ اپنے اپنے شعبوں میں فعال اور مستعد ہوں اور اپنی مجالس سے باقاعدہ اپنے اپنے شعبوں کے بارہ میں رپورٹس حاصل کریں۔ ان کو یاددہانی کروائیں۔ فرمایا مربیان اور معلمین سے بھی مدد لیں۔

حضور انور نے فرمایا گراس روٹ سے کام شروع کریں۔

حضور انور نے چندہ کی ادائیگی کی طرف توجہ دلائی اور فرمایا ہر ایک ناصر کو چندہ کے نظام میں شامل کریں۔ جو غریب ہیں وہ بھی نظام میں شامل ہوں خواہ وہ آپ کے مقررہ شرح کے مطابق نہ بھی دیں۔ جو بھی دے سکیں ان سے لیا جائے۔ حضور انور نے فرمایا آپ نے اپنی مجلس کا بجٹ اور تمام ضروریات خود پوری کرنی ہیں۔ حضور انور نے قائد اصلاح و ارشاد کو ہدایت فرمائی کہ آپ کی جو 360 مجالس ہیں ان سب میں دعوت الی اللہ کے پلان بنائیں۔ یاددہانی کے خطوط بھجیں اور یاددہانی کرواتے رہیں جب تک کہ اپنا مقصد حاصل نہ کرلیں۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ اپنے سالانہ اجتماع پر اچھی مجالس کو سندات خوشنودی اور جو مجلس اول آئے اس کو علم انعامی دیا جائے۔ حضور انور نے قائد تعلیم کو ہدایت فرمائی کہ جو بالکل ان پڑھ ہیں ان کو قرآن کریم ناظرہ پڑھائیں۔ صرف نیروبی ریجن میں آپ نے کوشش نہیں کرنی بلکہ سارے ملک میں یہ انتظام کرنا ہے۔

حضور انور نے قائد تحریک جدید کو ہدایت فرمائی کہ انصار کو تحریک جدید کے نظام میں شامل کریں۔ غرباء کو بھی شامل کریں خواہ وہ ایک شلنگ چندہ دیں۔

اسی طرح حضور انور نے قائد وقف جدید کو بھی ہدایت فرمائی کہ اپنے چندہ کے نظام کو منظم کریں اور باقاعدہ فہرستیں بنائیں اور اپنے ممبران کو چندہ کے نظام میں شامل کریں۔

حضور انور نے قائد تجنید کو فرمایا کہ آپ تمام مجالس سے اپنی تجنید مکمل کریں۔ ممبران کی فہرستیں تیار ہوں جس میں ان کا نام، والد کا نام، پروفیشن، تعلیم وغیرہ کا ذکر ہو۔ فرمایا اپنی تجنید مکمل کر کے رپورٹ بھجوائیں۔

حضور انور نے قائد ایثار کو فرمایا کہ آپ غریب، ضرورتمند لوگوں کی مدد خدمت خلق فنڈ کے ذریعہ کرسکتے ہیں۔ ہسپتالوں کی مدد سے رورل ایریا میں میڈیکل کیمپ لگاسکتے ہیں جہاں علاج کی سہولت نہیں ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ غرباء اور ضرورتمند لوگوں کو امداد اور میڈیکل کیمپ لگانے کا پروگرام، یہ دو مقاصد آپ حاصل کرلیں تو یہ آپ کے لئے بہت ہے۔ ان دونوں پر توجہ دیں۔ حضور انور نے فرمایا ہومیوپیتھی کیمپ بھی لگائے جاسکتے ہیں۔

حضور انور نے قائد تربیت کو ہدایات دیتے ہوئے فرمایا کہ آپ اس بات کی کوشش کریں کہ ہر ناصر پانچ نمازیں ادا کرے، نماز باجماعت ادا کرے، نماز جمعہ میں باقاعدہ شامل ہو۔ خلیفۃ المسیح کے خطبات کو باقاعدہ سنیں۔ جو ناظرہ قرآن پڑھ سکتے ہیں وہ تلاوت قرآن کریم روزانہ باقاعدہ کریں کم از کم دو رکوع کی تلاوت کریں۔ جو قرآن کریم ناظرہ پڑھنا نہیں جانتے ان کے لئے سپیشل کورس کا پروگرام ہو۔ ان کے لئے جو اپنی آواز میں پڑھنے والا ہے دو رکوع کی تلاوت کرے۔

حضور انور نے فرمایا کہ نائب صدر اول کو سپیشل ڈیوٹی ''ایڈیشنل قائد تربیت نومبائعین'' کی دیں۔ یہ سب نومبائعین کی لسٹ بنائیں۔ کلاسز لگائیں ان کو ٹرینڈ کریں۔ نظام میں شامل کریں۔ اپنے اجتماعات میں شامل کریں۔

آخر پر حضور انور نے فرمایا اب مستعد ہو کر کام کریں اور اپنی خامیاں دور کریں۔

پانچ بجے یہ میٹنگ اختتام کو پہنچی۔ اس کے بعد مجلس انصاراللہ کینیا کے ممبران نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کا شرف حاصل کیا۔

سوا پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ایتھوپیا، صومالیہ، جبوتی اور اریٹیریا سے آنے والے وفود نے ملاقات کا شرف حاصل کیا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے باری باری ان وفود سے ان کے اپنے حالات، ان ممالک کے جماعتی حالات، وہاں قائم ہونے والی جماعتوں اور دعوت الی اللہ و تربیت کے پروگراموں کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ اور سارے امور کا تفصیل سے جائزہ لیا۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

حضور انور نے فرداً فرداً ان احباب سے جو جلسہ سالانہ کینیا میں شامل ہوئے۔ ان کے تاثرات دریافت فرمائے۔ سبھی ممبران نے بہت خوشی کا اظہار کیا اور بتایا کہ ہم نے یہاں آ کر اور جلسہ میں شامل ہو کر بہت کچھ سیکھا ہے اور استفادہ کیا ہے۔ ہم نے دینی باتیں سیکھی ہیں۔ ایتھوپیا کے وفد نے کہا اب جب ہم واپس جائیں گے تو احمدیت کا پیغام پہنچائیں گے۔

ایتھوپیا کے ایک علاقہ کے چیف بھی آئے تھے۔ انہوں نے درخواست کی کہ میرے علاقہ میں چار ہزار احمدیوں پر مشتمل جماعت قائم ہے۔ ہمارے علاقہ میں بیت الذکر تعمیر کی جائے۔ حضور انور نے ان سے بیت الذکر کی تعمیر کے تعلق میں مختلف امور دریافت فرمائے اور امیر صاحب کینیا کو ہدایت فرمائی کہ کینیا سے اپنا نمائندہ بھجوائیں جو وہاں جا کر بیت الذکر کی تعمیر اور اخراجات کا جائزہ لے اور ان کی ضروریات کا بھی جائزہ لے۔ حضور انور نے فرمایا انشاء اللہ اس سال آپ کے علاقہ میں بیت الذکر بنے گی۔

یتامیٰ کا ذکر آنے پر حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ ان کی باقاعدہ فہرست تیار کر کے بھجوائیں ان کی عمریں بھی درج کریں۔ جو بچے پڑھ رہے ہیں ان کی تعلیم اور کلاس کا بھی اندراج ہو۔ حضور انور نے کینیا کے ان معلمین کو جو ایتھوپیا کے مختلف علاقوں میں کام کر رہے ہیں ہدایت فرمائی کہ آپ اس چیف کے علاقہ میں بھی جائیں اور وہاں حالات کا جائزہ لیں۔ جماعتوں کی ضروریات کا جائزہ لیں اور اپنی رپورٹ بھجیں۔ حضور انور نے ایتھوپیا کے وفد کو فرمایا کہ آپ وہاں بڑی جماعتیں بنائیں میں انشاء اللہ خود وہاں کا دورہ کروں گا۔ حضور انور نے فرمایا آپ ایتھوپیا میں بھی اپنا جلسہ سالانہ کریں اور اس میں کم از کم ایک لاکھ لوگ شامل ہوں۔

صومالیہ سے ایک احمدی خاتون بھی وفد میں شامل تھی۔ حضور انور نے اس خاتون سے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ آپ نے اپنے بچوں کو تعلیم کے بغیر نہیں چھوڑنا۔ ہر احمدی بچہ سکول جائے اور تعلیم حاصل کرے، غربت اور مالی کمی کی وجہ سے کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہیں رہے گا۔

ایتھوپیا کے وفد میں بھی ایک احمدی خاتون شامل تھیں۔ حضور انور نے ان سے فرمایا کہ جب آپ واپس جائیں تو اپنے علاقہ میں احمدیت کا پیغام پہنچاتی رہیں۔ اس نے خود بھی اس بات کا وعدہ کیا کہ وہ واپس جا کر احمدیت کا پیغام پہنچائے گی۔

جبوتی سے آنے والے ممبر سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ آپ کے ٹاؤن میں کتنے احمدی ہیں اس نے بتایا کہ دو ہزار احمدی ہیں۔ حضور انور کے دریافت کرنے پر اس نے بتایا کہ اس ٹاؤن کی کل آبادی سات ہزار ہے۔ اس پر حضور انور نے فرمایا باقی پانچ ہزار کو بھی احمدی بنائیں۔

ملک اریٹیریا سے آنے والے نمائندہ سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ آپ کے ٹاؤن میں کتنے احمدی ہیں۔ اس نے بتایا کہ پندرہ صد احمدی ہیں۔ حضور انور نے دریافت فرمایا کہ کیا وہ نمازوں اور نماز جمعہ میں شامل ہوتے ہیں۔ نمائندہ نے بتایا کہ باقاعدہ نماز جمعہ ہوتی ہے اور احباب اس میں شامل ہوتے ہیں۔ ملک صومالیہ سے آنے والے ایک ممبر جماعت نے بتایا کہ میرے گاؤں میں چار صد احمدی ہیں۔ حضور انور نے فرمایا آپ واپس جائیں، دعوت الی اللہ کریں اور اس تعداد کو چار ہزار بنائیں پھر انشاء اللہ بیت الذکر بنائیں گے۔

حضور انور نے رسول اللہ ﷺ صحابہ کرامؓ کی ایتھوپیا ہجرت، بادشاہ نجاشی کا ان کو پناہ دینا اور پھر نجاشی کا اسلام قبول کرنا اور آنحضرت ﷺ کا نجاشی کی نماز جنازہ غائب پڑھانے کے بارہ میں اس وفد کو تفصیل کے ساتھ بتایا اور فرمایا ایتھوپیا کی تاریخ اسلام میں ایک بہت بڑی اہمیت ہے۔

حضور انور نے وفد کو تاکید فرمائی کہ اب واپس جا کر احمدیت کا پیغام پہنچائیں۔ حضور انور نے اس وفد میں موجود بچوں کو چاکلیٹ بھی تقسیم کئے۔

سوا چھ بجے ان وفود کے ساتھ ملاقات کا یہ پروگرام اختتام کو پہنچا۔ اس کے بعد حضور انور اپنے دفتر تشریف لے گئے اور ڈاک ملاحظہ فرمائی۔ جس کے بعد فیملی ملاقاتیں ہوئیں۔ کینیا کی بارہ فیملیز نے حضور انور سے شرف ملاقات حاصل کیا۔

ساڑھے سات بجے حضور انور نے بیت احمدیہ نیروبی میں نماز مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ اس کے بعد حضور انور نے مع ممبران قافلہ جماعت کے ایک پرانے مخلص احمدی دوست مکرم عبدالمنان قریشی صاحب کے گھر رات کے کھانے پر تشریف لے گئے۔

پونے دس بجے وہاں سے واپس مشن ہاؤس تشریف لے آئے۔

## 4 مئی 2005ء

نماز فجر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت احمدیہ نیروبی میں پڑھائی۔ صبح حضور انور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی اور مختلف دفتری امور سرانجام دیئے۔ ایک بجے حضور انور نے ظہر وعصر کی نمازیں بیت احمدیہ نیروبی میں جمع کر کے پڑھائیں۔

چار بجے سہ پہر نیشنل مجلس عاملہ کینیا کی میٹنگ حضور انور کے ساتھ شروع ہوئی۔ حضور انور نے دعا کروائی اور میٹنگ کا آغاز ہوا۔ حضور انور نے باری باری تمام ممبران کے شعبوں، ان کے کام اور آئندہ کے پروگراموں کا جائزہ لیا۔

حضور انور نے جماعت کے سالانہ بجٹ اور چندوں کا ہر پہلو سے تفصیل سے جائزہ لیا اور ہدایت فرمائی کہ ابھی آپ کے انکم بجٹ میں اضافہ کی بے حد گنجائش ہے۔ آپ اپنے موجودہ بجٹ میں کم از کم ایک ملین کا اضافہ کریں۔ فرمایا آپ کی استطاعت اس سے زیادہ ہے۔ فرمایا احباب جماعت کو، نومبائعین کو چندہ کے نظام میں شامل کرنے کے لئے سپیشل کوشش کریں۔ مربیان اور معلمین سے مدد لیں۔ صدران جماعت سے مدد لیں اور زیادہ سے زیادہ احباب کو چندہ کے نظام میں شامل کریں فرمایا ابھی آپ نے بہت لمبا سفر کرنا ہے۔ اپنے سب ریجنز کو Activate کریں اور ان کو معین ٹارگٹ اور ہدف دیں اور پھر مسلسل اس کے حصول کی کوشش کریں۔ فرمایا نومبائعین کی تربیت کے لئے بے حد ضروری ہے کہ وہ چندہ کے نظام میں شامل ہوں جب تک وہ چندہ ادا نہیں کریں گے مضبوط احمدی نہیں ہوں گے۔

حضور انور نے فرمایا کہ پرانے ممبرز جماعت کو توجہ دلائیں کہ وہ شرح کے مطابق چندہ ادا کریں حضور انور نے ایک اصولی بات کی طرف توجہ دلائی کہ وہ احمدی جو شرح کے مطابق چندہ ادا نہیں کرتے مجلس عاملہ کے ممبر نہیں بن سکتے۔

حضور انور نے موصیان کی تعداد اور ان کے چندوں کا بھی جائزہ لیا اور ہدایات سے نوازا۔ فرمایا مجلس عاملہ کے جن ممبران نے ابھی تک وصیت نہیں کی پہلے ان کو وصیت کے نظام میں شامل ہونا چاہئے۔ پھر دوسروں کو اس نظام میں شامل کریں۔ حضور انور نے فرمایا مزید کوشش کریں تو چندہ بہت بڑھ سکتا ہے۔

حضور انور نے شعبہ تربیت کو ہدایت فرمائی کہ نومبائعین سے رابطہ کی طرف خصوصی توجہ دیں اور ان کو اپنے نظام میں شامل کریں ان کی تعلیمی و تربیتی کلاسز لگائیں۔

حضور انور نے تحریک جدید اور وقف جدید کے چندہ اور چندہ دہندگان کی تعداد کا بھی جائزہ لیا اور تفصیل سے رہنمائی فرمائی۔

شعبہ سمعی بصری کو حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ آپ کے پاس ڈاکومنٹری فلم بنانے کے بہت سے مواقع ہیں۔ آپ کے ہاں نیشنل پارک ہیں، ڈاکومنٹری فلم بنائیں اور MTA کے لئے بھجوائیں۔

حضور انور نے شعبہ تعلیم کو ہدایت فرمائی کہ سکول میں جانے والے بچوں کی لسٹ بنائیں۔ پرائمری سکول میں کتنے بچے تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اسی طرح سیکنڈری اور ہائر ایجوکیشن میں کتنے بچے ہیں۔ کتنے ایسے طلباء ہیں جو یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

حضور انور نے سیکرٹری امور عامہ کو ہدایت فرمائی کہ جو احباب کام نہیں کرتے اور کماتے نہیں، ان کے لئے Job کے حصول کے بارہ میں کام کریں اور ملازمتوں کے حصول کی کوشش کریں۔

حضور انور نے سیکرٹری جائیداد کو ہر لحاظ سے اپنا ریکارڈ مکمل کرنے کی ہدایت فرمائی اور تفصیل سے سمجھایا کہ کس طرح اور کن کن چیزوں کا ریکارڈ آپ نے مکمل کرنا ہے اور رجسٹر میں اندراج کرنا ہے۔

حضور انور نے ریڈیو سٹیشن کے قیام کا جائزہ لینے کی بھی ہدایت فرمائی آخر پر حضور انور نے فرمایا کہ اب سونے کا ٹائم ختم ہو چکا ہے۔ اب تیز دوڑنے کا وقت ہے۔

آخر پر نیشنل مجلس عاملہ کے ممبران نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔

یہ میٹنگ ساڑھے پانچ بجے ختم ہوئی۔ اس کے بعد حضور انور اپنے دفتر تشریف لے گئے اور ڈاک ملاحظہ فرمائی۔

سات بجے حضور انور نے بیت احمدیہ نیروبی میں مغرب وعشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد عزیزم مبارز احمد ابن بشارت احمد طاہر صاحب مربی سلسلہ ایلڈوریٹ ریجن کینیا کی تقریب آمین ہوئی۔ حضور انور نے مبارز احمد سے قرآن کریم کا کچھ حصہ سنا اور دعا کروائی۔

اس کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

## 5 مئی 2005ء

نماز فجر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے احمدیہ بیت الذکر نیروبی میں پڑھائی۔ آج پروگرام کے مطابق ممباسہ (Mombasa) کے لئے By Air روانگی تھی۔

حضور انور پونے آٹھ بجے اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور دعا کروائی۔ اس کے بعد نیروبی کے Jomo Kenyata کے لئے روانگی ہوئی۔ ساڑھے آٹھ بجے حضور انور ائرپورٹ پر پہنچے تو انٹرنیشنل ایئرپورٹ پولیس نے قافلہ کو Escort کیا۔ اور VIP لاؤنج میں تشریف لے گئے۔

کینیا ایئرویز کی فلائٹ KQ0602 اپنے وقت کے مطابق ساڑھے نو بجے نیروبی سے ممباسہ کے لئے روانہ ہوئی۔ چالیس منٹ کے سفر کے بعد جہاز ممباسہ کے Moi انٹرنیشنل ائرپورٹ پر اترا۔ جونہی حضور انور جہاز سے باہر تشریف لائے۔ تو صدر جماعت ممباسہ مربی سلسلہ ممباسہ ریجن اور جماعتی عہدیداران نے حضور انور کا استقبال کیا۔ حضور انور VIP لاؤنج میں تشریف لے گئے۔ ساڑھے دس بجے حضور انور جونہی VIP لاؤنج سے باہر تشریف لائے تو ممباسہ ریجن سے آئے احباب جماعت مرد و خواتین اور بچوں نے والہانہ انداز میں نعرہ ہائے تکبیر بلند کرتے ہوئے حضور انور کا استقبال کیا افریقن بچوں نے حضرت مصلح موعود کی نظم ع

ہے دست قبلہ نما لا الہ الا اللہ

خوش الحانی سے پڑھ کر سنائی۔ اس وقت بڑا ایمان افروز منظر تھا۔ حضور انور کچھ دیر کے لئے بچوں کے پاس کھڑے رہے۔

اس کے بعد حضور انور ائیرپورٹ سے اپنی جائے رہائش کے لئے روانہ ہوئے۔ حضور انور کا ممباسہ میں قیام مکرم ظفر اللہ خاں صاحب نائب امیر جماعت کینیا کے گھر تھا۔ موصوف نے اپنا سارا گھر اس غرض کے لئے وقف کیا تھا۔

گیارہ بجکر 45 منٹ پر حضور انور اپنی رہائش گاہ سے احمدیہ بیت الذکر مشن ہاؤس ممباسہ کے لئے روانہ

ہوئے۔ حضور انور جب مشن ہاؤس پہنچے تو احباب جماعت نے نعرہ ہائے تکبیر بلند کرتے ہوئے حضور انور کو خوش آمدید کہا۔ سبھی کے چہرے خوشی و مسرت سے معمور تھے۔ ہر طرف سے اھلاً و سھلاً و مرحبا کی آوازیں آ رہی تھیں۔ حضور انور اپنے دفتر تشریف لے گئے جہاں فیملیز سے ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ ممباسہ ریجن کی مختلف جماعتوں سے آنے والی 26 فیملیز نے حضور انور سے شرف ملاقات حاصل کیا۔ جو بھی فیملی ملاقات کر کے باہر آتی۔ اس کی طرف سے بے حد خوشی کا اظہار ہوتا اور اپنے جذبات پر قابو رکھنا مشکل ہوتا۔

ملاقاتوں کا یہ سلسلہ ایک بجے تک جاری رہا۔ اس کے بعد حضور انور نے احمدیہ بیت الذکر ممباسہ میں ظہر و عصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے آئے۔

ساڑھے چھ بجے حضور انور اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور امیر صاحب کینیا و نائب امیر صاحب کینیا سے مختلف امور پر گفتگو فرمائی۔ پونے سات بجے حضور انور نماز مغرب و عشاء کی ادائیگی کے لئے احمدیہ بیت الذکر ممباسہ تشریف لے گئے۔ جہاں حضور انور نے یہ دونوں نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور نے ممباسہ ریجن کی مختلف جماعتوں سے آئے تمام احباب کو شرف مصافحہ بخشا اور بچوں میں چاکلیٹ تقسیم فرمائیں۔ اس کے بعد حضور انور اپنی قیام گاہ میں تشریف لے آئے۔

جماعت احمدیہ ممباسہ نے حضور انور کے اعزاز میں ایک Reception (تقریب عشائیہ) کا اہتمام کیا تھا۔ اس تقریب کا انتظام نائب امیر کینیا کے اسی گھر کے خوبصورت لان میں کیا گیا تھا جہاں حضور انور کی رہائش تھی۔

آٹھ بجکر چالیس منٹ پر حضور انور اس تقریب میں شرکت کے لئے تشریف لائے۔ حضور انور کی آمد سے قبل مہمان حضرات اس تقریب میں شرکت کے لئے پہنچ چکے تھے۔ تلاوت قرآن کریم سے اس تقریب کا آغاز ہوا۔ اس کے بعد حضور انور نے دعا کروائی۔ اس تقریب میں شامل ہونے والے مہمانوں میں انڈین ہائی کمیشن کے قونصلیٹ ، اسسٹنٹ ہائی کمشنر انڈیا، تنزانیہ ہائی کمیشن کے قونصلیٹ ، ہائی کمیشن کینیڈا کے قونصلیٹ، ہائی کمیشن جرمنی کے قونصلیٹ اور ان کے علاوہ ڈاکٹرز، بینکرز، سکھ کمیونٹی کے ممبران اور زندگی کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے معززین شامل تھے۔

اس تقریب میں شامل ہونے والے تمام مہمانوں نے حضور انور سے شرف ملاقات حاصل کیا۔ حضور انور ان مہمانوں کے پاس تشریف لے گئے اور ان کو شرف مصافحہ بخشا اور ان سے گفتگو فرمائی۔ ساتھ ساتھ تصاویر کھینچی جا رہی تھیں۔

دس بجے یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔ اس کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

## 6 مئی 2005ء

نماز فجر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے احمدیہ بیت الذکر ممباسہ میں پڑھائی۔ ایک بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے احمدیہ بیت الذکر ممباسہ میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا

حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ ٹیلیفون رابطہ کے ذریعہ MTA پر Live نشر ہوا۔ مربی سلسلہ کینیا مکرم عبداللہ حسین جمعہ صاحب نے ساتھ ساتھ خطبہ کا Live ترجمہ کیا۔ (حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے اس خطبہ جمعہ کا خلاصہ مورخہ 10 مئی 2005ء کے الفضل میں شائع کیا جا چکا ہے)

دو بجکر دس منٹ پر حضور انور نے نماز جمعہ و نماز عصر جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور بیت الذکر کے احاطہ سے باہر اس حصہ میں تشریف لے گئے جہاں بیت الذکر میں جگہ کم ہونے کے باعث شامیانے لگا کر احباب و خواتین کے لئے جمعہ پڑھنے کا انتظام کیا گیا تھا۔ حضور انور نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا ہر طرف سے وعلیکم السلام کی آوازیں بلند ہوئیں۔ خواتین نے شرف زیارت حاصل کیا۔

اس کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے آئے۔ تین بجکر پچیس منٹ پر حضور انور ’’چلڈرن کلاس‘‘ (Children's Class) کے لئے تشریف لائے اس کلاس کا انعقاد رہائش گاہ کے بیرونی لان میں کیا گیا تھا۔ کلاس کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ اس کے بعد بچیوں نے کورس کی شکل میں حضرت اقدس مسیح موعود کا قصیدہ

یا عین فیض اللّٰہ والعرفان

ترنم کے ساتھ پڑھا۔ اس کے بعد ایک بچی نے حضور انور کی خدمت میں استقبالیہ ایڈریس پیش کیا۔ اس کے بعد ایک مقامی بچی نے نظم ع

ہم احمدی بچے ہیں کچھ کر کے دکھا دیں گے

اردو اور سواحیلی زبان میں پڑھ کر سنائی۔ اس کے بعد کلاس میں موجود تمام بچوں اور بچیوں نے کورس کی شکل میں نظم ع

ہے دست قبلہ نما زلا الٰہ الا اللّٰہ

ترنم کے ساتھ پڑھی۔ کلاس کے آخر پر حضور انور نے بچوں میں چاکلیٹ تقسیم فرمائیں اور چار بجکر تیس منٹ پر یہ کلاس ختم ہوئی۔

چار بجکر پچاس منٹ پر حضور انور ’’احمدیہ کلینک ممباسہ‘‘ کے معائنہ کے لئے روانہ ہوئے۔ حضور انور نے کلینک کے مختلف شعبوں کا معائنہ فرمایا اور انچارج کلینک سے مختلف امور کے بارہ میں دریافت فرمایا۔

آج پروگرام کے مطابق ممباسہ سے واپس نیروبی کے لئے روانگی تھی۔ کلینک کے معائنہ کے بعد حضور انور ممباسہ کے Moi انٹرنیشنل ائیر پورٹ کے لئے روانہ ہوئے۔ پونے چھ بجے حضور انور ائرپورٹ پر پہنچے سپیشل انتظام کے ذریعہ حضور انور کی گاڑی کو پولیس Escort کے ساتھ VIP لاؤنج تک لے جایا گیا۔ حضور انور VIP لاؤنج میں تشریف لے گئے۔ VIP لاؤنج میں ائیر پورٹ کے آفیسر آئے ہوئے تھے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ان سے نصف گھنٹہ سے زیادہ جماعت احمدیہ کے عقائد اور جماعت احمدیہ کی دنیا میں خدمات اور جماعت کے مقاصد کے بارہ میں بڑی تفصیل کے ساتھ گفتگو فرمائی۔

کینیا ایئر ویز کی فلائٹ KQ-613 شام سوا سات بجے ممباسہ سے نیروبی کے لئے روانہ ہوئی اور 45 منٹ کے سفر کے بعد آٹھ بجے جہاز نیروبی کے انٹرنیشنل ائرپورٹ پر اترا جب حضور انور جہاز سے نیچے اترے تو حضور انور کی گاڑی جہاز کی سیڑھیوں کے پاس پولیس Escort کے ساتھ کھڑی تھی۔ حضور انور گاڑی میں VIP لاؤنج میں تشریف لائے۔ یہاں کچھ دیر کے قیام کے بعد نیروبی مشن ہاؤس کے لئے روانگی ہوئی۔ پونے نو بجے حضور انور مشن ہاؤس پہنچے۔ جہاں احباب جماعت حضور انور کے انتظار میں کھڑے تھے سبھی نے حضور انور کی آمد پر نعرہ ہائے تکبیر بلند کئے اور خوش آمدید کہا۔ حضور انور نے رات نو بجے احمدیہ بیت الذکر نیروبی میں مغرب و عشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ اس کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

ممباسہ کے وزٹ کے دوران ممباسہ ائرپورٹ پر حضور انور کی آمد کی خبر ملک کے نیشنل اخبار "Daily Nation" نے تصویر کے ساتھ اپنے 6 مئی کے شمارہ میں شائع کی۔

## 7 مئی 2005ء

نماز فجر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الذکر احمدیہ نیروبی میں پڑھائی۔ پروگرام کے مطابق صبح دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز وزیر برائے ماحولیات و قدرتی وسائل Hon Kolonbwi Musyola سے ملنے اور جنگل میں ایک مخصوص کئے گئے قطعہ زمین پر پودا لگانے کے لئے تشریف لے گئے۔ دس بجکر بیس منٹ پر حضور انور وہاں پہنچے۔ وزیر موصوف نے اپنے سٹاف اور محکمہ جنگلات کے افسران کے ساتھ حضور انور کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس کے بعد حضور انور وزیر موصوف کے ہمراہ اس جگہ تشریف لے گئے جہاں پودا لگانا تھا۔ وزیر موصوف اور افسران شعبہ نے حضور انور کو جنگل کے رقبہ کے بارہ میں بتایا اور یہ بھی بتایا کہ اس میں کتنے رقبہ پر مقامی طور پر پودے لگائے جا چکے ہیں۔ اور کتنے رقبہ پر بیرونی ممالک سے آنے والی شخصیات نے پودے لگائے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ یہ حصہ جہاں حضور انور تشریف لائے ہیں غیر ملکی مہمانوں اور دیگر اعلیٰ شخصیات کے لئے مخصوص ہے۔ اس کے بعد حضور انور نے `Podocarpus` کا پودا لگایا۔ حضور انور کے بعد وزیر موصوف اور ان کی بیٹی نے پودا لگایا اور پھر امیر جماعت کینیا نے ایک پودا لگایا۔

حضور انور نے وزیر موصوف سے کینیا میں جنگلات کے کل رقبہ کے بارہ میں دریافت فرمایا اور یہ کہ اس میں اضافہ ہو رہا ہے یا دن بدن کمی ہو رہی ہے۔ وزیر موصوف اور متعلقہ افسران نے بتایا کہ ہمارا ہدف کینیا کی زمین کے کل رقبہ کا 1/10 حصہ پر جنگلات بنانے کا ہے مگر فی الحال دو فیصد حصہ پر کامیابی ہو سکی ہے۔ بقایا ہدف کو دس سالوں میں حاصل کرنا ہوگا۔

انہوں نے بتایا کہ مارچ سے مئی تک ہمارے ہاں بارشوں کے مہینے ہیں۔ ان میں شجرکاری کی جاتی ہے۔ صدر مملکت نے گزشتہ دنوں پودا لگا کر شجرکاری کا افتتاح کیا ہے اور اب حضور انور بھی ہماری اس مہم کا ایک اہم حصہ بن گئے ہیں۔

اس کے بعد حضور انور نے سفیدے کے پودے کے بارہ میں دریافت فرمایا متعلقہ افسران نے بتایا کہ شروع میں فوری طور پر لکڑی کی ضرورت تھی اس لئے یہ پودے لگائے گئے۔ حضور انور نے اس پودے کے نقصان کے بارہ میں بتایا کہ یہ زیادہ مفید نہیں ہے بلکہ زیادہ وقت رہنے کی وجہ سے زمین کو نقصان پہنچاتا ہے۔ محکمہ جنگلات کے افسران نے کہا کہ ہم آہستہ آہستہ اسے کم کر رہے ہیں۔

مجلس خدام الاحمدیہ کینیا نے گزشتہ مہینوں میں کئی ہزار پودے محکمہ جنگلات کو مہیا کئے ہیں۔ اب مجلس خدام الاحمدیہ کینیا محکمہ جنگلات کے ساتھ مستقل تعاون کرتے ہوئے، ماحول کو صاف ستھرا رکھنے اور کینیا کی سرسبزی اور شادابی کو قائم رکھنے کے لئے اس جنگل میں ایک خاص حصہ کو سپانسر کر رہی ہے اور اس میں باقاعدگی سے محکمہ جنگلات کے منظور شدہ پودہ جات لگا کر ملکی ترقی میں اپنا اہم کردار ادا کر رہی ہے۔

حضور انور کافی دیر تک وزیر موصوف اور افسران جنگلات سے گفتگو فرماتے رہے حضور انور وہاں سے واپسی کے لئے کار میں تشریف فرما ہو چکے تھے کہ انتظامیہ نے وزیٹر بک پیش کر کے اس پر دستخط کرنے کی درخواست کی جو حضور انور نے قبول فرمائی اور اپنے ریمارکس کے ساتھ دستخط فرمائے۔

حضور انور گیارہ بجکر پانچ منٹ پر واپس مشن ہاؤس تشریف لے آئے۔

ساڑھے گیارہ بجے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ چلڈرن کلاس کے لئے تشریف لائے۔ چلڈرن کلاس کا انعقاد احمدیہ مشن ہاؤس نیروبی کے ایک ہال میں کیا گیا تھا۔ سارے ہال کو بڑی خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔ تمام بچوں اور بچیوں نے جن کی مجموعی تعداد 75 تھی۔ حضور انور کی آمد پر اھلاً و سھلاً و مرحبا کہتے ہوئے حضور انور کا استقبال کیا۔ حضور نے سب کو السلام علیکم کہا اور تشریف فرما ہوئے۔ اس کلاس میں نیروبی اور اس کی اردگرد کی جماعتوں کینبرا، کیا ہو، ونڈورا کے علاوہ کسوموں، نکورو، ایلڈوریٹ اور ممباسہ سے آنے والے بچے بھی شامل ہوئے۔

کلاس کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو عزیز اسماعیل Kishoma نے کی اور اس کا ترجمہ عزیزہ Fatuma Juma نے پیش کیا۔ اس کے بعد عزیزم Dhahabu نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی

حدیث مبارکہ پیش کی۔ جس میں یہ ذکر ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کس طرح درود شریف پڑھنے کی تلقین فرمائی ہے اس کے بعد عزیزہ مریم زینب نے انگریزی زبان میں اور عزیزم Abdi Ali نے سواحیلی زبان میں حضور انور کی خدمت میں استقبالیہ ایڈریس پیش کیا۔ جس کے بعد پانچ بچوں پر مشتمل ایک گروپ نے کورس کی شکل میں ایک سواحیلی زبان میں لکھی ہوئی نظم پیش کی۔

اس کے بعد عزیزہ سطوت احمد صاحبہ بنت مکرم مرزا غلام قادر صاحب شہید نے ''احمدیت'' کے موضوع پر تقریر کی۔ جس کے بعد عزیزہ عائشہ نے سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود کی نظم ؏

زندگی بخش جام احمد ہے

پیش کی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس بچی سے اس نظم کے معانی کے بارہ میں پوچھا تو اس بچی نے اس نظم کا انگریزی زبان میں ترجمہ پیش کیا۔ اس کے بعد عزیزہ رحیمہ عبدی نے

"Life of The Promised Messiah"

کے موضوع پر تقریر کی۔ اس کے بعد چار بچوں نے کورس کی شکل میں حضرت مسیح موعود کا قصیدہ

''یا عین فیض اللّٰہ و العرفان''

سے کچھ اشعار ترنم کے ساتھ پیش کئے۔

اس کے بعد مکرم مرزا غلام قادر صاحب شہید کے دو بچوں عزیزم مرزا انورالدین احمد و مرزا محمد مفلح احمد نے حضرت سیدنا خلیفۃ المسیح الثانی کے حالات زندگی، آپ کے کارہائے نمایاں اور عظیم خدمات بیان کیں۔

اس کے بعد عزیزہ عبداللہ Dida نے جماعت احمدیہ کینیا کا تعارف کروایا اور ابتدائی مربیان کے بارہ میں بیان کیا۔ اس کے بعد بچیوں نے کورس کی شکل میں ایک نظم پیش کی۔ بعدہ عزیزہ حانیہ ندیم نے ''صفائی'' کے موضوع پر تقریر کی۔ اس کے بعد بچوں کے ایک گروپ نے مل کر نظم ؏

''میری رات دن بس یہی اک صدا ہے''

پیش کی۔ اس نظم کے پڑھے جانے کے دوران اللہ تعالیٰ کی مذکورہ صفات کے حوالہ سے صفاتی ناموں پر مشتمل بورڈ اٹھائے ہوئے مختلف بچے سٹیج پر آئے جس سے بہت ہی مسحور کن منظر پیدا ہو گیا۔ جونہی کسی شعر میں اللہ تعالیٰ کی کسی صفت کا ذکر آتا اس وقت ایک بچہ اس صفت سے متعلق اللہ تعالیٰ کے اس صفاتی نام پر مشتمل بورڈ لے کر آگے بڑھتا۔

اس کلاس کے اختتام پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے کلاس میں شریک تمام بچوں اور بچیوں میں چاکلیٹ تقسیم فرمائے۔ حضور انور نے پروگرام کے دوران ساتھ ساتھ بچوں کی غلطیوں کی اصلاح بھی فرمائی اور مجموعی طور پر حضور انور نے منتظمین کی مساعی کو سراہتے ہوئے خوشنودی کا اظہار فرمایا۔

پونے بارہ بجے یہ کلاس اپنے اختتام کو پہنچی۔ اس کے بعد حضور اپنے دفتر تشریف لائے اور فیملیز ملاقاتیں شروع ہوئیں۔

چودہ فیملیز اور 26 سنگل احباب نے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ سے شرف ملاقات حاصل کیا۔

دو بجے حضور انور نے بیت احمدیہ نیروبی میں نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائیں پروگرام کے مطابق تین بجے مرکزی مربیان سلسلہ کینیا کے ساتھ حضور انور کی میٹنگ شروع ہوئی۔ حضور انور نے مربیان سے باری باری ان کے ریجنز میں جماعتوں کا اور پراگرس کا جائزہ لیا۔ ہر مربی کے ریجن اور جماعتوں میں ہونے والے کام، تربیتی، دعوت الی اللہ کی مساعی اور نومبائعین سے رابطوں کا تفصیل کے ساتھ جائزہ لیا اور ساتھ ساتھ ہدایات سے نوازا۔ حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ اپنے کاموں میں مزید سنجیدگی پیدا کریں اور خلافت احمدیہ کے ساتھ لوگوں کا تعلق جوڑنے کی خاص کوشش کریں۔ حضور انور نے ہر ریجن میں بیوت الذکر کی تعمیر کا جائزہ لیا اور ہر ریجن میں پہلے سے زیادہ بیوت الذکر تعمیر کرنے کی ہدایت فرمائی اور ہر ریجن میں بیوت الذکر کی تعمیر کے لئے معین ٹارگٹ دیا۔ حضور انور نے تمام مربیان کو ہدایت فرمائی کہ سب اپنے اپنے ریجن میں نومبائعین سے مستقل رابطہ رکھیں اور جن سے ابھی تک رابطہ نہیں ہو سکا ان سے رابطہ بحال کریں اور خاص منصوبہ بندی اور پلاننگ کے ساتھ کام کریں اور انہیں باقاعدہ اپنے نظام کا حصہ بنائیں۔

حضور انور نے دیگر مختلف امور کا بھی تفصیل سے جائزہ لیا اور ہدایات سے نوازا۔ آخر پر مربیان نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔ چار بجکر دس منٹ پر یہ میٹنگ ختم ہوئی۔

اس کے بعد چار بجکر چالیس منٹ پر کانگو اور زمبابوے سے آنے والے مربیان سلسلہ کے ساتھ حضور انور کی میٹنگ شروع ہوئی۔ حضور انور نے دعا کروائی۔ حضور انور نے ان مربیان سے وہاں کے ملکی اور جماعتی حالات دریافت فرمائے اور باری باری ہر مربی سے وہاں قائم ہونے والی نئی جماعتوں، نومبائعین سے رابطہ ان کی تعلیم و تربیت اور جماعتی نظام میں شامل کرنے کے انتظام سے متعلق تفصیل سے جائزہ لیا اور ساتھ ساتھ ہدایات سے نوازا۔ حضور انور نے نومبائعین تک پہنچنے اور ان سے رابطے بحال کرنے سے متعلق بڑی تفصیلی ہدایات دیں۔

حضور انور نے بیوت الذکر کا بھی جائزہ لیا اور مختلف علاقوں میں جماعتوں کے لحاظ سے بیوت الذکر تعمیر کرنے کی ہدایت فرمائی۔ حضور انور نے مختلف جگہوں پر MTA لگوانے کے بارہ میں بھی ہدایات ارشاد فرمائیں۔ حضور انور نے ریموٹ (Remote) ایریا میں پرائمری سکولز کھولنے اور پانی کے نلکے لگانے کے بارہ میں بھی مربیان کو واپس جا کر جائزہ لے کر رپورٹ بھجوانے کی ہدایات فرمائیں۔

حضور انور نے جماعتی و انتظامی امور سے متعلق دیگر مختلف امور اور معاملات کے بارہ میں بھی ہدایات سے نوازا۔

پونے سات بجے یہ میٹنگ ختم ہوئی۔ آخر پر ان دونوں ممالک کے مربیان نے علیحدہ علیحدہ حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کا شرف حاصل کیا۔

اس کے بعد حضور انور اپنے دفتر تشریف لے گئے۔ پاکستان کے ایمبیسیڈر (متعین پاکستانی ایمبیسی نیروبی کینیا) حضور انور سے ملاقات کی غرض سے تشریف لائے ہوئے تھے۔ حضور انور نے ان سے ملاقات فرمائی۔

اس کے بعد سوا سات بجے معلمین کرام کینیا کے ساتھ حضور انور کی میٹنگ شروع ہوئی۔ حضور انور نے معلمین کو ہدایت فرمائی کہ آپ ان علاقوں میں جائیں جہاں اس وقت نومبائعین سے رابطہ نہیں ہے اور گمشدہ بھیڑوں کو تلاش کریں۔ یہ آپ کی ڈیوٹی ہے۔

حضور انور نے فرمایا۔ آپ نے سب سے رابطہ کرنا ہے۔ ایک ایک کو تلاش کریں اور اپنے جماعتی نظام میں شامل کریں۔ حضور انور نے فرمایا جو کام بھی کریں دعا کے ساتھ کریں۔ خدا کا شکر ادا کرتے ہوئے کریں۔ فرمایا تہجد کی نمازیں، جماعت کے لئے، بنی نوع انسان کے لئے اور اپنے ملک کے لئے دعا کریں یہ آپ کی ڈیوٹی ہے۔

حضور انور نے معلمین کے نظام ان کی ٹریننگ ریفریشر کورس، ان کے دائرہ کار اور بعض انتظامی امور کے بارہ میں بھی تفصیلی ہدایات فرمائیں اور مختلف امور کا جائزہ لے کر موقع پر ہدایات سے نوازا۔

آخر پر معلمین نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی اور مصافحہ کا شرف حاصل کیا۔

معلمین کی اس میٹنگ کے بعد آٹھ بجے احمدیہ بیت الذکر نیروبی میں حضور انور نے مغرب و عشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ اس کے بعد حضور انور نے مربیان، معلمین، ڈاکٹرز صاحبان، مجلس عاملہ کے ممبران اور جماعتی عہدیداران کے ساتھ کھانا تناول فرمایا۔ اس کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔ آج کا دن کینیا میں قیام کا آخری دن تھا۔

# ایفائے عہد کا واقعہ

خادم احمد سعید صاحب

آج سے تقریباً دس سال قبل کا یہ واقعہ ہے کہ میں گرمیوں کی چھٹیوں میں ربوہ آیا ہوا تھا۔ میں جس گھر میں مہمان ٹھہرا ہوا تھا اس گھر کا سربراہ تانگہ چلایا کرتا تھا اتفاق سے وہ ایک دن گھر پر نہ تھا میں بھی تانگہ چلانا جانتا تھا مگر کبھی زیادہ موقع نہ ملا تھا۔ اس روز خاکسار کو تانگے پر اپنا شوق پورا کرنے کا موقع مل گیا۔ میں نے صبح سویرے ناشتہ کرنے کے بعد تانگے میں گھوڑے کو ڈالا اور سڑک کی طرف چل پڑا۔ شہر کی سڑکوں پر خالی تانگہ دوڑاتا پھرا اور اس کی وجہ مجھے سواری کا نہ ملنا تھا اسی طرح پھرتے پھرتے دوپہر کا وقت ہو گیا تو خاکسار خشک ہونٹوں کے ساتھ گھر کو چل دیا خاکسار نصیر آباد میں گھر پہنچنے ہی والا تھا کہ سواریوں کا ایک جتھہ مل گیا اور میں دیکھ کر بہت خوش ہوا اور واپس شہر کو ہو لیا راستے میں دارالفتوح میں آجکل وہاں دکانیں وغیرہ بن چکی ہیں۔ تین سواریاں کھڑی ملیں جن میں ایک لڑکا اور دو مستورات تھیں۔

خاکسار نے اس موقع کو غنیمت جانتے ہوئے ان کو بھی بٹھا لیا اور گھوڑے کو خوب دوڑانے لگا اس وقت میں اپنے آپ کو کوچوان سمجھتے ہوئے دل ہی دل میں بہت خوش ہوا لیکن شاید میری خوشی بہت تھوڑی تھی قدرت کا کرنا ایسا ہوا کہ پھاٹک کے قریب پہنچ کر تانگے کا پہیہ ٹوٹ گیا جسے دیکھ کر میرا رنگ فق ہو گیا اور سب سے زیادہ خدشہ تانگے کے مالک کا تھا جس کی عدم موجودگی میں میں نے کوچوان بننے کی کوشش کی تھی چنانچہ سواریاں میرے منہ کی طرف دیکھتی رہیں اور اترتی رہیں۔ اسی دوران میں دارالفتوح کے لڑکے نے جو تانگے کا پہیہ ٹوٹنے سے زخمی بھی ہو گیا تھا سو روپے کا نوٹ دیا لیکن میرے پاس بقایا کہاں۔ اس نے ایک آدھ دکان سے پوچھا بھی لیکن کسی نے بھی چینج نہ دیا۔ چنانچہ وہ لڑکا میرا نام پوچھ کر اپنی سواریوں کے ساتھ چلا گیا اس کے بعد تو میرے ساتھ جو ہوئی وہ ہوئی طوالت کے خوف سے آپ کو نہیں بتاؤں گا لیکن قربان جاؤں اس لڑکے کے ایمان پر جس نے اپنا وعدہ پورا کر دکھایا تقریباً دو تین ماہ کا عرصہ گزر جانے کے بعد میں پھر ربوہ آیا اور ظاہر ہے اس وقت تانگے کا مالک ہی تانگہ چلاتا تھا اتفاق سے وہی لڑکا پھر اسی تانگے پر بیٹھ گیا جو میرے ہاتھ سے زخموں کا شکار ہوا تھا اور اس نے تانگے والے سے کہا کہ بھئی ایک لڑکا فلاں فلاں نام کا تانگہ چلاتا ہے میں نے اس کے پیسے دینے ہیں دو تین ماہ ہو گئے ہیں لیکن وہ مل نہیں رہا۔ کیا آپ اس کو جانتے ہیں؟ پھر اس نے حادثہ کی بھی ساری تفصیل بتائی تو میرے چچا زاد بھائی کو پتہ چل گیا اور اس نے کہا کہ ہاں وہ یہاں ہے اور میرا بھائی ہے اور اس لڑکے نے یہ کہتے ہوئے میرے چچا زاد کے سپرد پیسے کر دیئے کہ ''شکر ہے خدا کا آج میری ذہنی ٹینشن ختم ہو گئی ہے'' سبحان اللہ کیا ایمان تھا اس لڑکے کا، کیا وعدہ وفائی تھی اس مسیح موعود کے مخلص غلام کی۔ جسے یاد کر کے آج بھی میری آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔

اس لڑکے کا نام اور اس کی شکل تو آج مجھے یاد نہیں لیکن اس کا ایمان آج بھی میرے دل میں حرارت پیدا کر دیتا ہے۔

لئیقہ نزہت صاحبہ

# مکرمہ سعیدہ فرحت صاحبہ کی یاد

